ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(100)

11-02-2023

**بہاولپور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کا ڈی پی او آفس میں اردل روم، 300 سے زائد پیش۔ 09 افسران سروس سے برخاست۔میرے نزدیک سزا اور جزا کا پیمانہ صرف کارکردگی ہے جو بھی افسر اچھا کام کرے گا اس کے مطابق اس کی حوصلہ افزائی کی جائیگی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

بہاول پور(   )تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ڈی پی او آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا۔جس میں 300 سے زائد افسران/اہلکار پیش ہوئے۔09 پولیس افسران کو ریگولر انکوائری کے بعد غیر حاضری اور کرپشن کے الزامات ثابت ہونے پر سروس سے برخاست کر دیا. متعدد پولیس افسران کو سروس ضبطلگی،تنخواہ ضبطلگی،رینک میں تنزلی اور وارننگ جیسی سزائیں سنائیں اور متعدد افسران و ملازمان کے جواب پر مطمئین ہو کر ان کے شوکاز فائل کر دیئے۔انہوں نے کہا کہ پولیس میں احتساب کے مضبوط نظام سے ہی میرٹ اور انصاف کا بول بالا ہوتا ہے۔کرپشن،بدعنوانی،نااہلی اور ناقص تفتیش پر کوئی کمپرومائز نہیں محکمہ میں صرف ایماندار،محنتی،پروفیشنل افسران کی جگہ ہے۔ افسران پر اختیارات سے تجاوز،ناقص تفتیش، فرائض میں غفلت اور کرپشن جیسے الزامات ثابت ہوئے تھے۔ میرے نزدیک سزا اور جزا کا پیمانہ صرف اور صرف کارکردگی ہے جو بھی افسر اچھا کام کرے گا اس کے مطابق اس کی حوصلہ افزائی کی جائیگی اختیارات کا ناجائز استعمال محکمہ کے وقار کو مجروح کرتا ہے۔جس سے عوام کا محکمہ سے اعتماد کم ہوتا ہے تمام افسران اور ملازمان اپنے اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر قانون کے مطابق حاصل ہونے والے اختیارات کا جائز استعمال کریں جس سے محکمہ میں بہتری کے ساتھ ساتھ لوگوں میں بھی اعتماد بحال ہوگا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(102)

11.02.2023

## بہاولپور() ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی شہید کانسٹیبل محمد عرفان کے والد عبدالغفار سے ملاقات، مکمل مالی و معاشی تعاون کی یقین دہانی۔شہید ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں، اپنا آج قربان کر کے معاشرے کا" کل" بچانے والے پولیس شہدا میرے لئے سب سے زیادہ وی وی آئی پیز ہیں،شہداء کی فیملی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کروں گا۔ڈی پی او سید محمد عباس

ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے شہید کانسٹیبل محمد عرفان کے والد سے ملاقات. مکمل مالی و معاشی تعاون کی یقین دہانی کرائی۔محمد عرفان کانسٹیبل جو کہ قریب ایک سال قبل تھانہ چنی گوٹھ کے علاقے میں ڈاکوں کی فائرنگ سے شہید ہو گئے تھے. ڈی پی او سید محمد عباس نے شہید کے والد عبدالغفار سے ملاقات کی .ورانکے مسائل بغور سنے اورانکے تمام مالی و معاشی معاملات میں مکمل تعاون اور پیروی کرنے کی یقین دہانی کروائی .ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا کہ شہداء کسی بھی معاشرے کے مشترکہ محسن ہوتے ہیں، مجھے فخر ہے کہ میں ایسی بہادر فورس کی ضلعی کمانڈ کر رہا ہوں جس کے شب قدر جیسے آفیسر یہ کہتے ہوئے مادر وطن پر قربان ہو جاتے ہیں کہ جاں دی اسی کی تھی حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا،محکمہ پولیس اور معاشرہ آپ کا مقروض ہے،آپ اپنے مسائل کے لئے مجھے میرے ذاتی نمبر پر براہ راست کال کریں دن ہو یا رات،صبح ہو یا شام،شہید کی فیملی کے مسائل حل کر کے مجھے خوشی ہی نہیں فخر ہوگا،ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا کہ میرے دفتر میں ایک "شہید ڈیسک" کے نام سے خصوصی کاونٹر بنایا گیا ہے جو بہاولپور پولیس کے شہداء کی فیملیز سے رابطہ رکھے گا،شہداء کی فیملیز دفتر تشریف لائیں تو انہیں وی وی آئی پی پروٹوکول دے کر شہید کے قرض کا اعتراف کیا جائے گا،اس موقع پر شہید کانسٹیبل محمد عرفان کی بہادری کی یادوں کو تازہ کیا گیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی شہید کانسٹیبل محمد عرفان کے والد عبدالغفار سے ملاقات، مکمل مالی و معاشی تعاون کی یقین دہانی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (103)

11-02-2023

**بہاولپور ( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی شہید اے ایس آئی شب قدر کی بیٹی سب انسپکٹر عدیلہ قدر کی شادی میں شرکت۔ نیک تمناں اور دعاں میں رخصتی۔شہید کی بیٹی ہماری آفیسر بھی ہیں اور ہمارا فخر بھی۔محکمہ پولیس شہید کا قرض دار ہے۔شہدا کے بچوں کو باپ کی کمی محسوس نہیں ہونے دیں گے۔ڈی پی او سید محمد عباس۔**

ڈی پی او بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی شہید اے ایس آئی شب قدر کی بیٹی عدیلہ قدر سب انسپکٹر کی شادی میں خصوصی شرکت کی۔ شب قدر شہید مورخہ 2005 میں علاقہ تھانہ اوچ شریف میں دوران گشت اچانک ڈاکوؤں کا سامنا ہونے پر جواں مردی سے مقابلہ کیا اور جام شہادت نوش کر گئے تھے۔عدیلہ قدر سب انسپکٹر نے اپنے شہید والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے محکمہ پولیس کو جوائن کیا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے جوانوں سمیت دلہے کا پھولوں کی پتیوں سے والہانہ استقبال کیا۔ڈی پی او نے شہید کی بیٹی اور پولیس آفیسر ہونے کے ناطے بہاولپور پولیس کی طرف سے تحائف بھی پیش کئے اور دلہے کو سلامی دیتے ہوئے مبارکباد دی۔ڈی پی او نے شہید کی قربانی کو باعث فخر قرار دیتے ہوئے کہا کہ شہدا ہمارا قابل فخر سرمایہ ہیں۔شادی میں شرکت کو یادگار بنانے کا مقصد لوگوں کو یہ بتانا تھا کہ یہ صرف شہید کی بیٹی نہیں بلکہ بہاولپور پولیس کی بیٹی ہے، میرا فرض ہے کہ میں ایک شہداء کی بیٹی اور ایک آفیسر ہونے کے ناطے ان کی خوشیوں میں شریک ہوں۔ رخصتی کے وقت بہاولپور پولیس کے دستے نے دلہن کو بھرپور وقار سے رخصت کیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی شہید اے ایس آئی شب قدر کی بیٹی سب انسپکٹر عدیلہ قدر کی شادی میں شرکت